ادارہ

مسافرانِ آخرت

★ مولانا صوفی عبدالحمید سواتی رحمتہ اللہ علیہ:

جیّد عالم دین، مفسرِ قرآن، شیخ الحدیث حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتی ۶ راپریل ۲۰۰۸ء کو گوجرانوالہ میں انتقال کرگئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ حضرت صوفی صاحب رحمتہ اللہ علیہ کا شمار پاک و ہند کے جیّد علماء میں ہوتا تھا۔ آپ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر دامت برکاتہم کے چھوٹے بھائی اور جامعہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ کے بانی و شیخ الحدیث تھے۔ حضرت مولانا زاہدالراشدی مدظلہ آپ کے بھتیجے اور مولانا محمد فیاض خان سواتی، مولانا محمد ریاض خان سواتی آپ کے فرزند ہیں۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر مدظلہ اور حضرت صوفی عبدالحمید سواتی رحمہ اللہ کی ''جوڑی'' علماء کے حلقوں میں بہت ہی مقبول اور معروف ہے۔ دونوں بھائیوں نے گوجرانوالہ میں بیٹھ کر جس طرح علومِ نبوت کی تبلیغ واشاعت اور تعلیم وتدریس کا عظیم الشان سلسلہ جاری رکھا، وہ اہلِ حق کے لیے قابلِ رشک و فخر ہے۔ دونوں بھائیوں کی آپس میں بے مثال محبت، دینی درد، ایک دوسرے کے لیے جذبۂ خلوص وایثار اپنی مثال آپ ہے۔ حضرت صوفی صاحب رحمہ اللہ نے درسِ قرآن، درسِ حدیث، اصلاحی خطبات اور علمی خدمت کے ذریعے تقریباً ستر برس اللہ کی مخلوق کو نفع پہنچایا۔ آپ کے سینکڑوں شاگرد ملک وبیرون ملک پھیلے ہوئے ہیں اور تبلیغ وتعلیمِ دین کے عظیم الشان کام میں مشغول ہیں۔ آپ کی اولاد اور خاندان کے دیگر افراد بھی اسی راستے کے مسافر اور جادۂ حق کے راہی ہیں۔ حضرت صوفی صاحب رحمہ اللہ نے درسِ قرآن کے ذریعے علمِ تفسیر کا بیش بہا نہ خزانہ طالبانِ علم دین کے لیے چھوڑا۔ جس سے ایک دنیا فیض پارہی ہے۔ وہ سینکڑوں مدارس کے سرپرست اور درجنوں قومی ودینی تحریکوں کے سرگرم رہنما اور مؤید تھے۔ تمام عمر علماءِ حق کے شانہ بشانہ جدوجہد کی اور اُن کے پائے استقلال میں کبھی لغزش نہیں آئی۔ جمعیت علماء ہند اور مجلس احرار اسلام کے ہمیشہ حامی رہے۔ حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی اور حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمہم اللہ سے بے پناہ محبت وعقیدت رکھتے تھے۔ وہ حضرت شاہ ولی اللہ اور اکابر علماء دیوبند کی تعلیمات اور فکر راست کے صحیح نمائندہ تھے۔ حق تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے۔ اُن کی اولاد کو اُن کے لیے صدقۂ جاریہ بنائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ فرمائے، اُن کے ادارہ مدرسہ نصرۃ العلوم کو ترقی عطاء فرمائے اور اُن کے فیض کو جاری وساری رکھے۔ (آمین یارب العالمین)

★ انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کے مرکزی رہنما اور عالمی مبلغ اسلام ڈاکٹر احمد علی سراج کے جواں سال بیٹے گزشتہ ماہ انتقال کرگئے۔ اللہ تعالیٰ انھیں اس عظیم صدمہ پر صبر کی توفیق دے اور مرحوم کے درجات بلند فرمائیں۔